# رخسار کے بال ہمیشہ کے لئے ختم کروانا

**مجیب:** مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3653

**تاریخ اجراء:** 17 رمضان المبارک 1446ھ / 18 مارچ 2025ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

داڑھی کی حد سے باہر رخسار کے اوپر جو بال آتے ہیں، کیا انھیں لیزر وغیرہ کے ذریعے ہمیشہ کے لیے یا عارضی طور پر ختم کرواسکتے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جو بال داڑھی کی حد سے باہر رخسار پر آتے ہیں، انھیں کسی بھی جائز طریقے سے اتارنا (ہمیشہ کے لیے یا عارضی طور پر دونوں صورتوں میں) جائز ہے کہ یہ داڑھی کا حصہ نہیں۔

ردالمحتار میں ہے "وفي التتارخانية عن المضمرات: ولا بأس بأخذ۔۔۔شعر وجهه "ترجمہ: اور تتارخانیہ میں مضمرات کے حوالے سے ہے اور چہرے کے بال اتارنے میں حرج نہیں ہے۔(ردالمحتار مع الدرالمختار، کتاب الحظروالاباحۃ، ج06، ص373، دارالفکر، بیروت)

امام اہل سنت، مجدد دین وملت الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں: "داڑھی قلموں کے نیچے سے کنپٹیوں، جبڑوں، ٹھوڑی پر جمتی ہے اور عرضا اس کا بالائی حصہ کانوں اور گالوں کے بیچ میں ہوتا ہے جس طرح بعض لوگوں کے کانوں پر رونگٹے ہوتے ہیں وہ داڑھی سے خارج ہیں، یوں ہی گالوں پر جو خفیف بال کسی کے کم کسی کے آنکھوں تک نکلتے ہیں وہ بھی داڑھی میں داخل نہیں یہ بال قدرتی طور پر موئے ریش سے جدا ممتاز ہوتے ہیں اس کا مسلسل راستہ جو قلموں کے نیچے سے ایک مخروطی شکل پر جانب ذقن جاتا ہے یہ بال اس راہ سے جدا ہوتے ہیں نہ ان میں موئے محاسن کے مثل قوت نامیہ **ان کے صاف کرنے میں کوئی حرج نہیں بلکہ بسا اوقات ان کی پرورش باعثِ تشویہ خلق و تقبیح صورت ہوتی ہے جو شرعا ہرگز پسندیدہ نہیں۔** غرائب میں ہے: کان ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما یقول للحلاق بلغ العظمین فانھما منتھی اللحیۃ یعنی حدھا ولذٰلک سمیت لحیۃ لان حدھا اللحی ۔(حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما حجام سے فرمایا کرتے تھے کہ دو ہڈیوں تک پہنچ جا، کیونکہ وہ

دونوں داڑھی کی حدود یعنی آخری حصہ ہیں اسی لیے داڑھی کو "لحیہ" کہا گیا ہے کیونکہ اس کی حدود جبڑے (اللحی) تک ہیں۔)" (فتاوی رضویہ، جلد22، صفحہ596، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net